وشنو بھارتیہ فلم کا تیار کردہ

मिनार

مینار

اداکاران
بینا رائے ۔ بھارت بھوشن ۔
پران ۔ چندر شیکھر ۔ پرتیما دیوی
وغیرہ ۔

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

خلاصہ کہانی گھنٹہ گھر کی گونج جس نے صبح کے تین بجنے کا اعلان کیا تھا۔ ابھی مشکل سے ختم ہی ہوئی تھی کہ وہ خاموش بستی کے کہرے میں ڈھکے ہوئے ٹھنڈے ماحول کو پستول کی گولیوں کی آواز سے تھرا دیا۔ یکے بعد دیگرے پانچ فائر کئے گئے کسی کا خون ہو گیا۔ اتفاق سے پولیس کی ایک پارٹی قریب تھی جب خونی فرار ہونے لگا۔ تو پولیس نے اسکا پیچھا کیا لیکن گرفتار ہونے سے پہلے وہ ایک چٹان سے ندی میں کود گیا آگے پردہ پر دیکھیں۔

مینار کے گانے

نمبر ۱

کبھی تنہائیوں میں ایک ایسی بھی گھڑی آئی
بہت رونے کی کوشش کی مگر پھر بھی ہنسی آئی
مرا کیا دل کو آتا ہے۔ نہ جانے بے قراری میں
تڑپ اٹھا یہ دیوانہ اگر دم بھر خوشی آئی
کبھی تنہائیوں ....
کبھی بستی سے گھبرائے جو ویرانے میں آ نکلے
ترے جیسی بھی سایہ کیطرح پیچھے چلی آئی ... کبھی تنہائیوں...
کسی کو بھول جانے کا ارادہ جب کیا میں نے
مجھے رہ رہ کے سمجھانے میرے دل کی لگی آئی
کبھی تنہائیوں....

نمبر ۲

دل بے تاب دھڑکتا ہے دکھاؤں کیسے
ایک شعلہ سا بھڑکتا ہے بجھاؤں کیسے
یا میرے سامنے آ۔ مجھے آواز ہی دے

با تمنا دے کہ میں یہ پردہ اٹھاؤں کیسے
برباد محبت کو کب تک یہ سزا دو گے
نہ سامنے آؤ گے نہ اپنا پتہ دو گے ... برباد محبت کو ...

پارٹ نمبر ۲

پوچھو تو ذرا دل سے میں کون ہوں اور کیا ہوں
ٹوٹا ہوا تارا ہوں ۔ سوکھا ہوا دریا ہوں
گھائل کی تڑپ ہوں ۔ میں بسمل کی تمنا ہوں
تم شکل ہو اس شے کی جس شے کا میں سایہ ہوں
سوچا بھی نہ تھا ۔ اک دن یوں دل سے بھلا دو گے
نہ سامنے آؤ گے ..... برباد ....
اک روز بسایا تھا تم نے ہی جہاں میرا
رائیں تھیں محبت کی ہر دن تھا جواں میرا
میں تم سے بچھڑ کے بھی کچھ دور نہیں تم سے
دیکھو گے اگر دل میں پاؤ گے نشاں میرا
لوٹ آئیں گی یادیں جب ماضی کو صدا دو گے
نہ سامنے آؤ گے ..... برباد ..

پارٹ ۳ :۔ برباد محبت کو کب تک یہ سزا دو گے ۔ نہ سامنے آؤ گے نہ اپنا پتہ دو گے ۔ برباد
دم بھر کیلئے ٹھہرو سن لو میرا افسانہ ۔ کیوں شمع تک آکر جاتا نہیں پروانہ
بیتی ہوئی گھڑیوں کو آؤ ذرا دہرا لائیں ۔ اک رات کا قصہ ہے کل صبح چلے جانا
بگڑے گا تمہارا کیا ۔ بگڑی جو بنا دو گے ... نہ سامنے آؤ گے ... برباد ...
پارٹ ۴ :۔ برباد محبت کو کب تک یہ سزا دو گے ۔ نہ سامنے آؤ گے نہ اپنا پتہ دو گے
یہ رات یہ خاموشی یہ چاند یہ تنہائی

ایسے میں سنی میں نے بجتی ہوئی شہنائی
مانو تو حقیقت نہ مانو تو افسانہ۔ جاگو تو ذرا ظالم دیکھو میں چلی آئی
کیا میری دعاؤں کے بدلے میں دغا دو گے ... نہ سامنے آؤ گے ... برباد
برباد محبت کو کب تک یہ سزا دو گے نہ سامنے آؤ گے نہ اپنا پتہ دو گے برباد
کچھ درد محبت کی تم کو بھی خبر ہوگی۔ چندا کی چکوری پر کب تک نہ نظر ہوگی
نظروں سے میری چھپ کر جانا بڑا مشکل ہے
جاؤ گے تو اس شب کی مشکل سے سحر ہوگی
آخر مجھے پہلو میں کب تک نہ جگہ دو گے ... نہ سامنے آؤ گے۔ برباد

نمبر ۳

شمع پہ آ کے او پروانے جل
جل ... جل جل ... جل ... جل ... جل
پیار کے رستے ہنستے ہنستے ... جل ... جل ... جل جل جل جل
پنکھ جلیں گے خاک بنے گی۔ جل کے محبت پاک بنے گی
سوچ نہ مورکھ بیت رہا ہے ... پل
پل ... پل پل پل پل پل ...
محفل کا یوں رنگ جما دے۔ تن کو اپنی آگ لگا دے
تیری راکھ سے شمع بنے گی ... کل ... کل ... کل کل کل کل کل ...
تھوڑی سی اب رات ہے باقی۔ شیشے خالی ہو گیا ساقی
پیا سے غافل اپنی اکھیاں ... مل ... مل مل مل مل مل ...
پیار کے رستے ہنستے ہنستے ... جل جل ... جل جل جل جل ... شمع پہ ...

نمبر ۴

تم کون ہو ہمارے ستاروں سے پوچھ لو

اور ہم ہیں کیا تمہارے بہاروں سے پوچھ لو
پہلے بھی آ چکے ہیں ادھر ایک ساتھ ہم
تم کو نہیں یقین تو کناروں سے پوچھ لو
مہندی لگے تھے میرے ہاتھ۔ اور تم آئے تھے لیکے برات
او پیا یاد کرو وہ رات
یہی چاند یہی تھے ستارے۔ یہی ندیاں کے نیچے کنارے
چھپ چھپ ساری رات ہوئی تھی ملاقات ....
او پیا.... مہندی لگے ہاتھ....
تیرے سنگ سہاگ کہانی۔ یہی گاتی تھی میری جوانی
آئے ہاتھوں میں ہاتھ آئے تھے ایک ساتھ ... او پیا..
مہندی لگے ہاتھ...

نمبر ۶

او۔ او اااا
آ۔ آ اااا
ذرا مڑ کے تو دیکھو ساجنا.... او ساجنا
وہ پیچھے رہ گیا بچپنا....
او کھڑی ہے جوانی بچپن کا زمانہ ہو چکا... او ہو چکا..
وہ کھیل پرانا ہو چکا۔ اب ہو گئی نئی کہانی
دن رات بدل کے رہ گئے۔ ارمان مچل کے رہ گئے
آکاش پہ تارے ہیں وہی۔ دنیا کے نظارے ہیں وہی
ہے پھر بھی نئی کہانی.. ذرا مڑ کے...
کیوں دل کو دھڑکنا آ گیا۔ شعلے کو بھڑکنا آ گیا

اِس راز کا نام جوانی ..... ذرا ٹھہر کے ...

نمبر ۶

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق میں امتحاں اور بھی ہیں

شمع ہر جل کے بھی پروانہ فنا ہوتا نہیں
ساز سے جیسے کبھی نغمہ جدا ہوتا نہیں
موت تو چھوٹی سی ہے ایک آزمائش عشق کی
فرض الفت جان دیکر بھی ادا ہوتا نہیں
ہیں زمیں سے آسماں تک پیار ہی کی منزلیں
ختم مر جانے سے بھی یہ سلسلہ ہوتا نہیں

نمبر ۷

لے لے بہاریں بہار کے مزے۔ کہ پھر نہیں آنے والے پیار کے مزے
چندا نہ جائے ڈھل بیت رہا پل پل
کل کا بھروسہ کیا الفت کے راہی چل
صبح آنے والی ہے۔ رات جانے والی ہے۔ .. رات یہ بہار کی۔
پہلے پہلے پیار کی ... لے لے بہاریں
ملنوں کی گھڑی میں آشا کھڑی ہے
دل سے ملے دل یہ وہ گھڑی ہے
دل ہی کی مان لے۔ سماں پہچان لے
سماں یہ سہانا۔ نہیں ہے پھر آنا ... لے لے۔

ختم شد

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دُکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اِس کتاب میں طرح طرح کے حُقہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگرٹ۔ سگار۔ سرتی زردہ۔ نسوار۔ مصالحہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔ قیمت صرف ۱/۰ ۸ محصولڈاک مُعاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اِس کتاب کے اندر تمام مشہور گانے جمع کئے ہیں۔
قیمت صرف ۱۱/۸ محصولڈاک معاف

کمپونڈرز گائیڈ

کمپونڈر کے فرائض مرض کی تشخیص نسخہ دوا بنانے کی ترکیب و ہدایات۔ انگریزی بولنے بولنے انگریزی ادویات کے اعلیٰ نسخے بغرض یہ کتاب مکمل رہنما ہے کمپونڈران کیلئے۔ قیمت مکمل تین حصے صرف ۱/۰ ۶ محصولڈاک مُعاف

مکمل مُرغی خانہ

دیہات یا شہروں میں مرغی خانہ کھول کر مُرغیوں و انڈوں سے سینکڑوں روپیہ کمانے کے راز مُرغیوں کی پرورش کرنا۔ انڈوں سے بچے نکالنا۔ مُرغیوں کے امراض اور ان کا علاج اور اس کام سے دولت کمانے کے ڈھنگ
قیمت مکمل تین حصے صرف ۱/۰ ۷ محصولڈاک مُعاف

ملنے کا پتہ

نرنجن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی